# آل میمن ویلفیئر
# کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

43rd ANNUAL REPORT 2013-2014



## آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

مجلس انتظامیہ نے اپنے رجسٹرڈ آفس 247 سیکنڈ فلور، سنی پلازہ حسرت موہانی روڈ، نیو چالی، کراچی سے جاری کیا۔

CamScanner







CamScanner




In The Name Of

# Allah

The Most Gracious,
The Most Merciful

CS CamScanner



# خطاب

عبدالواحد موسیٰ

صدر سوسائٹی

میمن نگر کے رہائشی اور اراکین انتظامیہ کمیٹی

السلام علیکم

بحثیت صدر سوسائٹی آپ کی خدمت میں حاضر ہوں حسب وعدہ آپ کی سوسائٹی کو لیز کروالیا گیا ہے۔ اب آپ لوگوں کا فرض ہے کہ اپنے پلاٹس کو جلد از جلد لیز کروالیں، اس سلسلے میں جناب محمد زُبیر صاحب کا ذکر ضرور کروں گا جن کی کاوشوں سے ہمارے میمن نگر میں گُزشتہ دو تین سالوں میں مثالی ترقیاتی کام ہوئے، آج کل وہ بیمار ہیں، دُعا کیجئے اللہ تعالیٰ اُنہیں جلد صحت یابی عطاء فرمائے۔ اس کے علاوہ ہمارے ایک اور ساتھی جناب محمد صدیق صاحب بھی بیمار ہیں، اُن کے لئے بھی دُعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان کو بھی صحت کاملہ عطاء فرمائے۔ میں اپنے دیگر ممبران، انتظامیہ کمیٹی جس میں جناب غلام حسین صاحب، جناب ندیم حبیب صاحب، جناب عبدالواحد مارفانی صاحب، جناب خرم جلال صاحب، اور جناب محمد یوسف عبداللہ صاحب، شامل ہیں جن کی انتھک محنت سے آج ہماری سوسائٹی کو اسکیم 33 کی تمام سوسائٹیز کے مقابلے میں ایک منفرد مقام حاصل ہے۔

اس کے علاوہ سیکٹر 15-A میں الحمدللہ، مسجد کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ انشاءاللہ ایک ڈیڑھ سال کے اندر ایک شاندار مسجد تیار ہو جائے گی۔ جو اس علاقے میں منفرد حیثیت کی حامل ہوگی۔ مسجد کی تعمیر میں جناب عرفان گاڈٹ کی خدمات بے مثال ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اجر دے۔ آمین

آخر میں دونوں سیکٹرز کی محلّہ کمیٹی کے تمام اراکین کا شکر گزار ہوں کہ وہ ہر وقت سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ رابطے میں رہتے ہیں اور ہر ممکن تعاون کرتے ہیں اور اپنے سیکٹرز کی بنیادی سہولتوں اور رہائشی حضرات کو درپیش مسائل حل کرنے میں سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ پیش پیش رہتے ہیں۔

سوسائٹی انتظامیہ کمیٹی کی سال بھر کی کارکردگی سے متعلق ہمارے جنرل سیکریڑی صاحب، آپ لوگوں کو تفصیل سے آگاہ کریں گے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی امان میں رکھے۔ آمین

دُعا گو

عبدالواحد موسیٰ

صدر سوسائٹی

CS CamScanner



# خطاب

**محمد زُبیر عبدالغفار**

نائب صدر سوسائٹی

میمن نگر کے رہائشی اور اراکین انتظامیہ کمیٹی

السلام علیکم

یقیناً آپ حضرات میری صحت کے بارے فکر مند ہوں گے لیکن اللہ تعالی کا کرم ہے جس نے مجھے دوبارہ زندگی دی اور آپ سب کی دُعاؤں کے وسیلے سے میں اب روبہ صحت ہوں۔ گُزشتہ سال بلکہ اس سے پہلے بھی سوسائٹی معاملات کو بہتر طور پر چلانے اور ممبران کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی کاموں پر بھرپور توجہ دیتا رہا ہوں۔

تفصیل میں جانا ضروری نہیں سمجھتا کیونکہ سب کچھ آپ کے سامنے ہے۔ سیکٹر 15-A میں بجلی کی فراہمی، مسجد کی تعمیر اور سوسائٹی کو لیز کروانے کا کام یا پھر آفس بلڈنگ کی تعمیر، جو آپ دیکھ رہے ہیں، ان تمام کاموں کا ہونا ازحد ضروری تھا جو ہم نے کئے، اس میں آپ لوگوں کا تعاون بھی شامل حال رہا ہے۔

آپ سب کے بے مثال تعاون کے لئے میں بے حد مشکور و ممنون ہوں اور اُمید کرتا ہوں کہ سوسائٹی انتظامیہ آئندہ بھی ممبران کے مفاد اور سوسائٹی کی بہتری کے لئے اسی طرح کام کرتی رہے گی۔

اللہ تعالی آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔

دُعاؤں کا طلب گار

**محمد زُبیر عبدالغفار**

نائب صدر سوسائٹی

## ﴾آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی﴿



اعزازی جنرل سیکریٹری
محمد یوسف عبداُللہ نوی والا

# سالانہ جائزہ رپورٹ

محترم جناب صدر و نائب صدر اور معزز ممبران سوسائٹی

السلام علیکم!

ہماری سوسائٹی کے صدر جناب عبدالواحد موسیٰ صاحب نے آپ حضرات کی تشریف آوری پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کچھ معاملات سے بھی آگاہ کیا ہے۔ میں سوسائٹی کے اس 43ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر بطور اعزازی جنرل سیکریٹری، آپ حضرات کے سامنے سالانہ جائزہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے افسوس ہو رہا ہے کہ ہماری سوسائٹی کے سابق صدر جناب محمد زُبیر صاحب خرابی صحت کی وجہ سے یہاں پر براجمان نہیں! دُعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ اُنہیں جلد تندرستی عطا فرمائے، آمین

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میمن نگر کے تمام ممبران، مجھ سے اچھی طرح واقف ہیں۔ میں بطور جنرل سیکریٹری عرصہ دراز سے میمن کمیونٹی کی خدمت کر رہا ہوں اور ہمیشہ کی طرح پھر وعدہ کرتا ہوں کہ جب تک اللہ تعالیٰ نے ہمت و صحت دی اور میرے تمام ساتھی اراکین، و انتظامیہ کمیٹی کا تعاون حاصل رہا تو میں اسی لگن سے میمن نگر کے لوگوں کے لئے خدمت سرانجام دیتا رہوں گا۔ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آج، میمن نگر کے دونوں سیکٹرز کو اردگرد کی سوسائٹیز کے مقابلے میں بہتر بُنیادی سہولتیں مُیسر ہیں۔ الحمداللہ ہمارے میمن نگر کے دونوں سیکٹرز لیز ہو چکے ہیں اور الاٹیوں نے اپنے پلاٹس کو لیز کروانا شروع کر دیا ہے اور تقریبا 40 پلاٹس لیز ہو چکے ہیں۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں پچھلے سال سیکٹر 15-A میں مسجد کی تعمیر کے لئے ایک Board of Trustees کا قیام عمل میں لایا گیا اور بورڈ کے تمام ممبران نے اس مذہبی فریضے کو پایہء تکمیل تک پہچانے میں اپنا دن رات ایک کر رکھا ہے۔ اس وقت مسجد کی تعمیر کا کام زور و شور سے جاری ہے اور انشاء اللہ جلد ایک شاندار مسجد تعمیر کر لی جائے گی جس میں B.O.T کے تمام اراکین کا تعاون اور خدمات شامل ہیں اور خاص طور پر میں، جناب عرفان گاڈٹ صاحب اور دیگر ارکان کا بھی تہہ دل سے شُکر گزار ہوں۔

اب ملاحظہ فرمائیے، سوسائٹی انتظامیہ کی کارکردگی کے بارے جائزہ رپورٹ برائے سال 2013-2014

CS CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13A

۱۔ میمن مسجد میمن نگر: میمن نگر سیکٹر A-13 میں الحمدُ للہ ایک شاندار و دلکش مسجد ہے۔ اس مسجد میں مسلمان، اللہ تعالیٰ کے حضور پانچ وقت نماز ادا کرتے ہیں اور خصوصاً رمضان اُلمبارک کے مہینے میں مسجد نہایت پُر رونق ہوتی ہے، جناب امام مسجد دین کی احادیث بیان کرتے ہیں اور نمازی حضرات اس مُبارک مہینے میں بڑی دل جوئی سے عبادت میں مصروف ہوتے ہیں اور ایک روحانی کیفیت نما فضا قائم ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ نمازی حضرات کی کثیر تعداد اعتکاف میں بیٹھتی ہے! اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے رمضان کے پورے مہینے میں افطاری کا اہتمام کیا جاتا ہے اور رمضان کے آخری عشرے میں سحری و افطاری (دونوں) کا اہتمام ہوتا ہے۔

۲۔ گارڈن: سیکٹر A-13 میں گارڈن فعال ہونے میں سیکٹر A-13 کی محلّہ کمیٹی اور سوسائٹی انتظامیہ کا بڑا عمل دخل ہے، ان کے باہمی تعاون سے لوگ، اس گارڈن کو ایک ماڈل پارک کے طور پر دیکھ رہے ہیں جہاں میمن نگر کے رہائشی اپنے اہل خانہ کے ساتھ سیر و تفریح کرتے ہیں۔

۳۔ گیس لائن: سیکٹر A-13 میں گیس لائن کا کام سو فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ تمام تعمیر شدہ مکانات پر گیس کے میٹر لگے ہوئے ہیں اور رہائشی اس نعمت سے بھرپور فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

۴۔ بجلی کی فراہمی: سیکٹر A-13 میں بجلی کی فراہمی کا کام بھی کافی عرصہ پہلے مکمل کر لیا گیا تھا۔ سیکٹر A-13 کے اندر کچھ غیر قانونی کنڈوں کی وجہ سے Low Voltage کا مسئلہ ہے، وہ بھی مل جُل کر حل کر لیا جائے گا۔

۵۔ **(Road Work)** سڑکوں کا کام: اللہ کے فضل و کرم سے سیکٹر A-13 میں سڑکوں کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے میمن نگر میں دوسرے علاقوں کی نسبت بڑی رونق اور خوب صورتی نظر آتی ہے۔ سیکٹر A-13 میں تقریباً 90 فیصد پلاٹس پر مکانات تعمیر ہو چکے ہیں۔ باقی پلاٹ ہولڈرز سے میری پُر زور گزارش ہے کہ وہ اپنے پلاٹس پر جلد از جلد مکان تعمیر کروائیں تاکہ علاقے کی رونق میں مزید اضافہ ہو سکے۔

۶۔ محلّہ کمیٹی سیکٹر **13-A**: چیرمین جناب نعیم حبیب صاحب اور ان کے ساتھی جناب فرید احمد اور دیگر ممبران جناب عبدُالرزاق ویانی، ناصر عربی، آصف مارفانی، اور جناب فاروق کانگڑا، کی وجہ سے بڑی فعال ہے اور یہ سب ساتھی بڑی لگن سے فلاحی کاموں میں حصہ لیتے ہیں۔

سوسائٹی انتظامیہ، محلّہ کمیٹی کو سیکورٹی کی مد میں مبلغ /40000 روپے ماہانہ ادا کرتی ہے اور سیکورٹی گارڈز بھی محلے کی دیکھ بھال میں اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرتے۔ سیکورٹی کے حوالے سے سیکٹر A-13 کے رہائشی بڑے مطمئن نظر آتے ہیں۔

CS CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 15A

۱۔مسجد: اس سیکٹر میں مسجد کی تعمیر کا کام شروع ہوگیا ہے۔اس سلسلے میں جناب عرفان گاڈٹ صاحب اوران کے دیگر رفقاء اس کارِخیر کے لئے بڑی لگن سے کام کررہے ہیں۔انشاء اللہ ایک سال کے اندر ایک شاندار جامع مسجد علاقے کی زینت بنے گی۔

۲۔گیس کی سہولت: اس سیکٹر میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے گیس کی سہولت مُیسر ہے اور تمام تعمیر شدہ مکانات پر گیس کے میٹر لگے ہوئے ہیں اور سیکٹر 15-A کے لوگوں کو گیس کے سلسلے میں کوئی شکایت نہیں ہے۔

۳۔بجلی کی فراہمی: اس سیکٹر 15-A میں بجلی فراہم کردی گئی ہے اور اس سیکٹر کے رہائشی حضرات نے کافی تعداد میں بجلی کے میٹر لگوانے شروع کردیئے ہیں۔باقی اس سیکٹر کے پلاٹ ہولڈر حضرات سے پُرزور گزارش کرتا ہے کہ جو بھی بقایاجات نکلتے ہیں، آپ لوگ فوری طور پر ادا کردیں۔

۴۔محلّہ کمیٹی سیکٹر **15-A**: جیسا کہ سیکٹر 15-A کے رہائشی حضرات نے اپنی محلّہ کمیٹی بنا کر اپنے سیکٹر کی سیکورٹی اور Maintenance کا انتظام خود سنبھال لیا ہے۔سوسائٹی انتظامیہ بھی اس سلسلے میں -/Rs.100,000 ماہانہ ادا کررہی ہے۔محلّہ کمیٹی کے صدر جناب توصیف گاڈٹ صاحب اوراُن کے ساتھی جناب محمد ابراہیم اور دیگر صاحبان بڑی محنت سے اپنے محلّہ داروں کی خدمت کررہے ہیں اور سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ بھی تعاون کرتے ہیں۔

۵۔پانی اور سیوریج کی لائنیں: ہمارے دونوں سیکٹرز میں پانی کی کمی کا سامنا تھا۔اس سلسلے میں آپ لوگوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ پانی کا مسئلہ پورے کراچی شہر میں ہے لیکن اردگرد کے علاقوں کی نسبت ہماری سوسائٹی پھر بھی بہتر ہے۔سیکٹر 15-A کی محلّہ کمیٹی اور اراکینِ سوسائٹی انتظامیہ KW&SB سے مسلسل رابطہ میں ہے تاکہ اس سیکٹر میں پانی کی کمی جلد از جلد دور کی جاسکے۔سیوریج کی تمام لائنیں، از سرنو مرمت کردی گئی ہیں، یہاں اس سلسلے میں کوئی پریشانی نہیں رہی۔

۶۔میں آپ لوگوں کا شکر گزار ہوں کہ آپ تعمیراتی کاموں میں بڑے زوروشور سے مصروفِ عمل ہیں۔اس وقت تقریباً 100 سے زائد مکانات تعمیر ہوچکے ہیں اور 20 سے 25 مکانات کے نقشے پاس ہونے کے لئے جاچکے ہیں۔عنقریب ان کی تعمیرات بھی شروع ہوجائیں گی۔ دیگر حضرات سے بھی میری اپیل ہے کہ آپ جلد از جلد اپنے پلاٹس پر تعمیراتی کام شروع کروادیں۔

CamScanner

# مینیجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیز

1۔ مینیجنگ کمیٹی نے گزرے سال کے دوران 12 میٹنگز کیں جن میں سوسائٹی کے معاملات پر بحث و تفہیم کے ذریعے متفقہ فیصلے کیے گئے۔

2۔ٹرانسفر سب کمیٹی کنوینر جناب ندیم حبیب صاحب کی سربراہی میں یہ کمیٹی اپنی ذمے داریاں بڑے احسن طریقے سے نبھارہی ہے۔ پلاٹس کے ٹرانسفر کے سلسلے میں گزشتہ سال کی طرح امسال بھی کافی میٹنگز ہوئیں اور 105 پلاٹس کی ٹرانسفر عمل میں لائی گئی۔

3۔ڈیویلپمنٹ سب کمیٹی کے کنوینر جناب عبدالوحید مارفانی صاحب بڑی دیانت داری سے کام سرانجام دیتے ہیں۔اس سال ڈیولپمنٹ سب کمیٹی میٹنگز کے دوران مختلف کاموں پر غور وفکر کرنے کے بعد سفارشات دی گئیں اور سیکٹر 13-A میں پلاٹ نمبر ST-04 پر آفس بلڈنگ کی تعمیر کا کام بھی ڈیویلپمنٹ سب کمیٹی کی سفارش پر مینیجنگ کمیٹی نے منظوری دیتے ہوئے بلڈنگ کی تعمیر شروع کروادی ہے تاکہ ممبران کو آفس معاملات کے لئے دور آنے جانے کی مشکلات سے نجات مل جائے۔

4۔بجلی کی فراہمی کے لئے سب کمیٹی کے کنوینر بھی جناب ندیم حبیب صاحب ہیں اور وہ' انتظامیہ کمیٹی کے تعاون سے سیکٹر 15-A میں بجلی کی فراہمی کا کام مکمل کر چکے ہیں۔اس سلسلے میں اب کوئی پریشانی نہیں رہی۔

5۔آڈٹ اینڈ فنانس سب کمیٹی :اس سب کمیٹی کے کنوینر حاجی عبدالرزاق حاجی محمد صاحب نے اپنے فرائض بڑی خوش اسلوبی اور دیانت داری سے ادا کئے' سوسائٹی کے مالی معاملات میں انتظامیہ کو اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے اور خاص طور پر آڈٹ کے معاملے میں بڑی باریک بینی سے کام کو دیکھتے ہیں۔

CS CamScanner

# سوسائٹی الیکشن برائے سال 2014-2015

اس سال سوسائٹی کے صدر اور تین اراکین انتظامیہ کمیٹی کے لئے الیکشن ہونا تھا۔ سوسائٹی کے صدر کے لئے دو افراد کی جانب سے Nomination Forms جمع ہوئے لیکن مقررہ تاریخ سے پہلے ہی جناب محمد اقبال غنی صاحب نے اپنا President ship کا فارم جناب عبدالواحد موسیٰ صاحب کے حق میں واپس لے لیا اور اراکین انتظامیہ کمیٹی کے تین ارکان کے چناؤ کے لئے صرف تین حضرات نے ہی Nomination Forms جمع کروائے تھے۔ اس طرح جناب عبدالواحد موسیٰ صاحب' بطور صدر سوسائٹی اور تین اراکینِ انتظامیہ کمیٹی کے لئے (۱) محمد اقبال غنی (۲) جناب محمد عارف سوریا اور (۳) جناب محمد حنیف سُلطانی صاحب' بلامُقابلہ منتخب قرار دے دیئے گئے۔ اُمید کرتے ہیں کہ منتخب صدر اور تین اراکینِ انتظامیہ کمیٹی' سوسائٹی کی بہتری کے لئے کوشاں رہیں گے اور سوسائٹی کے کاموں میں انتہائی خلوص اور جذبے کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دیں گے۔

میں' سوسائٹی کے سابق نائب صدر جناب محمد زُبیر عبدالغفار صاحب اور جناب غُلام حُسین صاحب کا بے حد شکر گزار ہوں جو نہایت دانش مندی اور بڑی چھان بین کے بعد سوسائٹی کے معاملات کا مثبت حل تلاش کرتے ہیں اور صحیح سمت چلنے کی راہ متعین کرتے ہیں۔

دیگر اراکین' جناب حاجی عبدالرزاق حاجی محمد صاحب' جناب اقبال اسماعیل قاسمانی' جناب محمد اقبال غنی صاحب' جناب ندیم حبیب صاحب' اور جناب محمد صدیق صاحب' جناب عبدالواحد مارفانی صاحب' جناب خُرم جلال صاحب' اور جناب محمد مُنیر قادری صاحب کا بھی بے حد شکر گزار ہوں کہ ان تمام حضرات نے میرے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا۔

میں' سالانہ آڈٹ رپورٹ کے سلسلے میں سوسائٹی کے آڈیٹرز ساندھو اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا بھی شکر گزار ہوں کہ اُن کے اسٹاف نے آڈٹ کے دوران بھرپور تعاون کیا۔

میں' یہاں سوسائٹی کے آفس اسٹاف کا بھی شکر گزار ہوں جو بڑی محنت و دیانت داری سے اپنے فرائض انجام دیتے ہیں۔

آخر میں اُمید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی آپ سب کا تعاون اور خلوص اسی طرح حاصل رہا تو بہت جلد سیکٹر A 15 بھی اسکیم 33 کے اندر ایک دلکش رہائشی منصوبہ اور آپ کی نگاہوں کا مرکز ہوگا۔

وآخر الدعوانا ان الحمدلله رب العالمین

آپ کا مُخلص

**محمد یوسف عبدُاللہ نوی والا**

اعزازی جنرل سیکریٹری

CS CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A کی تصویری جھلکیاں













CamScanner







CamScanner






CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A میں زیرِ تعمیر لائبریری





CamScanner

# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

## اراکین مجلس انتظامیہ برائے سال
## 2013 - 2014



جناب عبدالواحد موسیٰ
صدر سوسائٹی



جناب محمد زبیر عبدالغفار
نائب صدر سوسائٹی



جناب محمد یوسف عبداللہ نوی والا
اعزازی جنرل سیکریٹری

# اراکین مجلس انتظامیہ




جناب عبدالرزاق میمن



جناب غلام حسین حبیب



جناب ندیم حبیب



جناب محرم جلال



جناب محمد صدیق محمد اسماعیل مانگرول والا



جناب محمد اقبال غنی



جناب اقبال اسماعیل قاسانی



جناب محمد منیر قادری



جناب عبدالواحد مارفانی

CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 15-A کی تصویری جھلکیاں





CamScanner





CamScanner





CS CamScanner






CamScanner






CamScanner





CamScanner







CamScanner







CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 15-A میں زیرِ تعمیر مسجد





CamScanner

# MINUTES OF THE 42nd ANNUAL GENERAL BODY MEETING HELD ON "SUNDAY" THE 12TH OF JANUARY, 2014.

**Forty Second (42nd) Meeting of the General Body** of Society, was held on **"Sunday"** the **12th of January 2014**, , at **11.00 a.m** at Site , Sector 15-A, Memon Nagar, Scheme-33, Karachi. .

As per attendance Register Thirty Four (34) members of the Society attended this meeting. Mr.Muhammad Ashfaque, Inspector was kind to attend as Representative of the Deputy Director , Coop-VI., Karachi, to witness the meeting proceedings.

The meeting started with recitation of "HOLY QURAN" made by Mr. Muhammad Sabir Qadri , Then, agenda of the meeting was taken-up .

**Item # 1**. Minutes of the last Annual General Body Meeting held on 17th of March 2013 were already printed in the Annual Report and also circulated to the members. There was no query made from any member. Therefore, minutes were confirmed unanimously.

**Item # 2** Mr.M.Zubair A.Ghaffar the President of Society and Mr.Ghulam Hussain Habib the Vice President of Society briefed the house on construction work of "Memon Jama Masjid" in Sector 15-A as well Lease of Society such as both the tasks have been started and going on peacefully.

A detailed Annual Report of Society's activities for the year 2012-2013 , was prepared by the Hon. Genl. Secretary - Mr. Muhammad Yousuf Abdullah, and duly printed in the booklet, which was dispatched to all the members of Society at their postal addresses and also distributed among the participants of A.G.B.M

**Item # 3** The Accounts and Balance Sheet of Society for the year 2012-2013 was put up before the meeting, no query observed by any member. Therefore, Accounts and Balance Sheet of the Society were approved by the House.

**Item # 4** Appointment of **M/s. Sandhu & Compay, Chartered Accountants** as Auditors of Society for the year 2013-2014, was approved unanimously.



CamScanner

**Item # 5** The meeting was informed about Society's Election Result 2013-2014 as declared by the Hon. Election Commissioner of Society that the following persons have been elected un-opposed.

**President** :- **Mr. Abdul Wahid Musa**

**Committeemen** :-
1. Mr. Nadeem Habib
2. Mr.M. Zubair A. Ghaffar
3. Mr. Ghulam Hussain Habib
4. Mr.Muhammad Munir Qadir

**Item # 6** **Any other matter**.

The fore-going President of Society – Mr. M. Zubair A. Ghaffar, informed the House about a Resolution duly passed by the Managing Committee regarding utilization of **Reserve Funds** for construction work of "Memon Jama Masjid" – 15-A which require approval of the General Body Meeting as per legal opinion obtained from legal expert.

Accordingly, the participants were asked to show their consent by putting up their hands. Most of the members did so. But, the newly elected President (Mr.Abdul Wahid Musa) opposed the proposal strongly, saying that construction work of Masjid should be completed through donations not by any other source of funds where interest (Sood) involved. Then, a long discussion was started on this issue and the House was motivated to above point of view and desired to obtain "Fatwah" in this regard.

At the last moment one of the MC member namely Mr.Muhammad Iqbal Ghani asked the Genl. Secretary to let him know the estimate of Iron required for roof construction of the said Masjid which will be donated by himself.

Thereafter, meeting came to end with a vote of thanks to the whole Management of Society.

**PRESIDENT**

**Hon. Gen. Secy.**

## ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD
## 247-SUNNY PLAZA, 2ND FLOOR, HASRAT MOHANI ROAD, NEW CHALLI, KARACHI. TEL: 32629745

Ref: AMWCHS/43rd AGBM

Karachi dated 11.10.2014

### NOTICE FOR THE 43rd ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2014-2015

Forty-third (43rd) Annual General Body Meeting for the year 2014 and Election of Society for the year 2014-2015 will be held on "SUNDAY" the 23rd of November ,2014 at Site, Sector 13-A, Memon Nagar, Scheme-33, Karachi.

Time of Meeting is 11.00 a.m to 01.00 p.m

Following Agenda will be transacted at the General Body Meeting:-

Agenda TILAWAT-E-QURAN SHARIF

Item # 1 To read and confirm the Minutes of the 42nd Annual General Body Meeting of Society held on 12.01.2014

Item # 2
- (i) A brief speech by the President of Society.
- (ii) A brief speech by the Vice President of Society.
- (iii) Annual Report of Society's activities by H. G. S for the year 2013-2014.

Item # 3 To approve and confirm the Accounts and Balance Sheet of Society duly audited by the Chartered Accountants, M/s.Sandhu & Company, for the year 2013-2014

Item # 4 To appoint Auditors of Society for the year 2014-2015 and to fix their remuneration.

Item # 5 To elect One President and Three Committeemen for the year 2014-2015 as per Society Bye-laws No.47(a)

**Retiring President** **Mr.Abdul Wahid Musa**

**Retiring Committeemen**
1) Mr. Muhammad Iqbal Ghani
2) Mr. Muhammad Siddiq
3) Mr. Iqbal Ismail Kasmani

Item # 6 Any other matter for which a Notice is given to the Committee not less than fourteen (14) days before the Annual General Body Meeting:




I. In case the meeting is adjourned for want of QUORUM or because of agenda remains unfinished or due to abnormal condition in the city, the adjourned meeting will be held on "SUNDAY" 30th November 2014 at the same place and same time.

II. Any member wishing to move any resolution should submit the text duly proposed and seconded in this Society Office during office hours minimum 14 days before the Annual General Body Meeting.

For A.M.W.C.H.S Ltd, Karachi

(M.Yousuf Abdullah Naviwala)
Hon. Gen. Secy.

CamScanner


CamScanner

# ALL MEMON

## WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.

### LIST OF MANAGING COMMITTEE MEMBERS FOR THE YEAR 2013-2014

| S.NO | Name | Designation |
|---|---|---|
| 1- | Mr. Abdul Wahid Musa | President |
| 2- | Mr. M. Zubair A. Ghaffar | Vice President |
| 3- | Mr. M. Yousuf Abdullah | Hon Gen Secretary |
| 4- | Mr. Ghulam Hussain Habib | Member |
| 5- | Mr. M. Iqbal Ghani | Member |
| 6- | Haji A. Razzaq Memon | Member |
| 7- | Mr. Iqbal Ismail Qasmani | Member |
| 8- | Mr. Nadeem Habib | Member |
| 9- | Mr. Muhammad Munir Qadri | Member |
| 10- | Mr. Muhammad Siddique | Member |
| 11- | Mr. Abdul Wahid Marfani | Member |
| 12- | Mr. Khurram Jalal | Member |

MEMON NAGAR, SECTOR 13-A & 15-A, SCHEME -33, KARACHI

Designed and Print... Star Pulication contact: 0300-2586376

CamScanner